بارہواں اجلاس

خفیہ

ایوان میں پیش کئے جانے سے قبل اشاعت کی اجازت نہیں ہے

# صوبائی اسمبلی پنجاب

## بروز منگل 10 فروری 2015

## فہرست غیر نشان زدہ سوالات اور جوابات

## بابت

# محکمہ لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ

## ننکانہ صاحب: چک نمبر 5/61 میں سیوریج نالیوں سے متعلقہ تفصیلات

**24: محترمہ نبیلہ حاکم علی خاں:** کیا وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ از راہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) کیا یہ درست ہے کہ چک نمبر 5/61 تحصیل و ضلع ننکانہ صاحب کی سیوریج نالیاں ناکارہ ہو چکی ہے؟

(ب) کیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ گاؤں کی نالیاں کافی عرصہ سے دوبارہ تعمیر نہیں کی گئیں؟

(ج) اگر جواب اثبات میں ہیں تو حکومت مذکورہ گاؤں میں سیوریج نالیوں کی تعمیر و مرمت کا ارادہ رکھتی ہے اگر ہاں تو کب تک؟

(تاریخ وصولی 26 مارچ 2014ء تاریخ ترسیل 13 مئی 2014ء)

### جواب

### وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ

(الف) درست ہے۔

(ب) پچھلے پانچ سالوں تک کوئی کام بذریعہ TMA ننکانہ صاحب نہ کروایا گیا ہے۔

(ج) ہاں۔ آئندہ مالی سال 16-2015ء میں TMA ننکانہ صاحب کے سالانہ ترقیاتی پروگرام میں سکیم شامل کر لی جائے گی۔

(تاریخ وصولی جواب 07 فروری 2015)

## خاکروب کی بھرتی کا کرائیٹریا Criteria سے متعلقہ تفصیلات

**27: جناب احسن ریاض فتیانہ:** کیا وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ از راہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) اس وقت ضلع فیصل آباد میں کتنی اسامیاں خاکروب کی ٹاؤن وائز، یوسی وائز اور میونسپل کمیٹی وائز ہیں؟

(ب) کیا حکومت اس ضلع میں تعینات ملازمین کے نام، جگہ تعیناتی، پتہ جات اور شناختی کارڈ نمبر کی تفصیل فراہم کر سکتی ہے تو فراہم کی جائے؟

(ج) اس وقت اس ضلع میں کتنی اسامیاں اس عہدہ کی کس کس جگہ خالی ہیں؟

(تاریخ وصولی 31 مارچ 2014 تاریخ ترسیل 13 مئی 2014)

### جواب موصول نہین ہوا

## لاہور: یو سی 84 اور یو سی 90 میں قبرستان کے لئے مختص فنڈز سے متعلقہ تفصیلات

**50: میاں محمد اسلم اقبال:** کیا وزیر لوکل گورنمنٹ وکمیونٹی ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) محکمہ لوکل گورنمنٹ وکمیونٹی ڈویلپمنٹ نے یو سی 84 اور یو سی 90 لاہور میں قبرستان بنانے کے لئے کتنے فنڈز کی منظوری کب دی تھی؟

(ب) منظور شدہ فنڈز میں سے اب تک کتنے فنڈز کا استعمال کیا گیا ہے؟

(ج) منظور شدہ فنڈز کو زیر التواء رکھے جانے کی وجوہات سے ایوان کو آگاہ کیا جائے؟

(تاریخ وصولی 5 مئی 2014 تاریخ ترسیل 6 جون 2014)

### جواب

### وزیر لوکل گورنمنٹ وکمیونٹی ڈویلپمنٹ

(الف) یو سی 84 میں قبرستان بنانے کے لئے کوئی فنڈز مختص نہیں کئے جبکہ یو سی 90 کے صرف ایک کرسچین قبرستان طلعت پارک کے فنڈز جاری کئے ہیں جو کہ (-/42,43,000) 42 لاکھ 43 ہزار روپے ہیں یہ فنڈز مورخہ 2014-5-16 کو جاری ہوئے تھے۔

(ب) اب تک -/6,70,000 (6 لاکھ 70 ہزار) روپے خرچ کئے جا چکے ہیں۔

(ج) فنڈز استعمال نہ ہونے کی وجہ ڈیزائن کی تبدیلی تھی مگر اب تمام فنڈز استعمال ہو چکے ہیں۔

(تاریخ وصولی جواب 07 فروری 2015)

## لاہور: سمن آباد ٹاؤن یو سی 88 میں سٹریٹ لائٹس سے متعلقہ تفصیلات

**78: جناب محمد یعقوب ندیم سیٹھی:** کیا وزیر لوکل گورنمنٹ وکمیونٹی ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) کیا یہ درست ہے کہ سمن آباد ٹاؤن یو سی 88 مہاجر آباد ملتان روڈ لاہور کی بیشتر گلیوں میں سٹریٹ لائٹس نصب نہیں ہیں جن کی وجہ سے رات کو ناگہانی واقعات رونما ہوتے رہتے ہیں؟

(ب) کیا یہ بھی درست ہے کہ اہل علاقہ نے ٹی ایم او سمن آباد ٹاؤن کو لائٹس لگانے کے لئے سٹریٹس کے نام لکھ کر بارہا مرتبہ تحریری طور پر درخواست ارسال کی لیکن ان مسئلے پر کوئی توجہ نہیں دی گئی؟

(ج) اگر جزوہائے بالا کا جواب اثبات میں ہیں تو کیا حکومت متذکرہ بالا علاقہ میں سٹریٹ لائٹس نصب کرنے کا ارادہ رکھتی ہے تو کب تک، نہیں تو کیا وجوہات ہیں؟

(تاریخ وصولی 18 مئی 2014 تاریخ ترسیل 11 جون 2014)

## جواب

## وزیر لوکل گورنمنٹ وکمیونٹی ڈویلپمنٹ

(الف) یہ درست نہ ہے۔ سمن آباد ٹاؤن کی یو سی نمبر 88 مہاجر آباد گلگشت کالونی ملتان روڈ میں کل 1097 عدد لائٹ پوائنٹس نصب ہیں۔

(ب) درست نہ ہے۔ جب بھی کوئی درخواست سٹریٹ لائٹ درست کرنے کے لئے TMA سمن آباد میں وصول ہوتی ہے اسے فوری طور پر ٹھیک کروادیا جاتا ہے۔ نیز اہل علاقہ کی طرف سے ڈیمانڈ کی گئی ہے کہ یو سی 88 میں نصب تمام سٹریٹ لائٹس کو روشن کیا جائے جبکہ سٹریٹ لائٹس پالیسی گورنمنٹ آف پنجاب کے مطابق "تین میں سے ایک روشن اور دو بند رکھنی ہیں" کو مدنظر رکھتے ہوئے سٹریٹ لائٹ کے نظام کو موقع پر وضع کیا گیا ہے۔

(ج) مذکورہ بالا علاقہ میں سٹریٹ لائٹس پہلے سے ہی نصب ہیں جن کو روشن رکھنے کے لئے ٹاؤن ہذا کی طرف سے الیکٹرک سٹاف بھیجا جاتا ہے جو کہ متعلقہ علاقے میں سٹریٹ لائٹس کی مرمت و بحالی کا کام جاری رکھے ہوئے ہیں۔

(تاریخ وصولی جواب 07 فروری 2015)

## ضلع لاہور میں سلاٹر ہاؤسز سے متعلقہ تفصیلات

**125: محترمہ حنا پرویز بٹ:** کیا وزیر لوکل گورنمنٹ وکمیونٹی ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) ضلع لاہور میں سلاٹر ہاؤسز کس کس جگہ واقع ہیں؟

(ب) ان سلاٹر ہاؤسز میں صفائی کا کیا انتظام ہے؟

(ج) 13-2012ء کے دوران کتنے جرمانے کئے گئے ہیں اور وہ جرمانے کس وجہ سے کئے گئے ہیں، ایوان کو آگاہ کیا جائے؟

(تاریخ وصولی 27 مئی 2014 تاریخ ترسیل 17 جون 2014)

## جواب موصول نہین ہوا

## لاہور: عزیز بھٹی ٹاؤن میں عملہ صفائی سے متعلقہ تفصیلات

**126: محترمہ حنا پرویز بٹ:** کیا وزیر لوکل گورنمنٹ وکمیونٹی ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) عزیز بھٹی ٹاؤن میں اس وقت کتنے ملازمین صفائی کے لئے کام کر رہے ہیں؟

(ب) سال 12۔2011ء اور 13۔2012ء کے دوران عملہ صفائی کی تنخواہوں پر کتنے اخراجات ہوئے؟

(ج) اس حلقہ میں کوڑا کرکٹ اٹھانے کے لیے کتنی گاڑیاں ہیں، یہ گاڑیاں کب خریدی گئی تھیں؟

(د) کتنی گاڑیاں چالو حالت میں ہیں اور کتنی خراب پڑی ہیں، ان گاڑیوں کے سال 12۔2011 اور 13۔2012ء کے مرمت / پٹرول کے اخراجات بتائیں؟

(ہ)مذکورہ شہر میں مزید کتنے عملہ صفائی کی ضرورت ہے اور کب تک، تفصیل فراہم کی جائے؟

(تاریخ وصولی 27 مئی 2014        تاریخ ترسیل 17 جون 2014)

جواب

وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ

(الف)عزیز بھٹی ٹاؤن میں اس وقت 629 ملازمین صفائی کے لئے کام کر رہے ہیں۔

(ب) عملہ صفائی کی تنخواہوں پر سال 12-2011ء میں 93.6 ملین اور سال 12-2011ء میں 93.6 ملین کے اخراجات ہوئے جبکہ سال 13-2012ء میں 96.7 ملین کے اخراجات ہوئے۔

(ج)مذکورہ حلقہ میں کوڑا کرکٹ اٹھانے کے لئے 29 گاڑیاں ہیں۔ یہ گاڑیاں ضرورت کے مطابق سال 1984ء تا 2010 کے دوران خریدی گئیں۔

(د)28 گاڑیاں چالو حالت میں ہیں جبکہ 1 گاڑی خراب ہے۔ سال 12-2011 میں پٹرول پر 33 ملین اور مرمت پر 6.5 ملین اخراجات آئے، جبکہ 13-2012 میں پٹرول پر 34 ملین اور مرمت پر 12.3 ملین اخراجات آئے۔

(ہ)ترکی کی کمپنی M/s ISTAC کی رپورٹ کے مطابق مذکورہ ٹاؤن کی آبادی اور رقبے کے لحاظ سے یہاں 652 ملازمین کی ضرورت ہے جبکہ فی الوقت یہاں 629 ملازمین کام کر رہے ہیں۔ اس لحاظ سے عزیز بھٹی ٹاؤن میں مزید 24 ملازمین کی ضرورت ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 07 فروری 2015)

## لاہور: پارکنگ اسٹینڈز میں سرکاری فیس سے متعلقہ تفصیلات

**128: محترمہ حنا پرویز بٹ:** کیا وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) عزیز بھٹی ٹاؤن میں سائیکل، موٹر سائیکل اور موٹر کار کے لئے کتنے پارکنگ اسٹینڈز کہاں کہاں واقع ہیں؟

(ب)ان پارکنگ اسٹینڈز میں کتنی پارکنگ فیس وصول کی جاتی ہے؟

(ج) کیا یہ درست ہے کہ ٹھیکیدار سرکاری ریٹ سے زائد پارکنگ فیس بھی وصول کرتے ہیں؟

(د)اگر درج بالا جزو کا جواب اثبات میں ہے تو حکومت ایسے ٹھیکیداروں کے خلاف کیا کارروائی کر رہی ہے؟

(تاریخ وصولی 27 مئی 2014        تاریخ ترسیل 17 جون 2014)

جواب

وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ

(الف)عزیز بھٹی ٹاؤن میں سٹی ڈسٹرکٹ گورنمنٹ لاہور کے منظور شدہ مندرجہ ذیل پارکنگ سٹینڈ ہیں:۔

۱۔ نادرا آفس (ضرار شہید روڈ)

II۔ اتوار بازار تاج پورہ

(ب) سٹی ڈسٹرکٹ گورنمنٹ لاہور کے تمام منظور شدہ پارکنگ اسٹینڈز میں ڈی سی او لاہور کے نوٹیفکیشن نمبر D.O (PF)95 Dated 2-4-14 کے مطابق سائیکل سے 5 روپے، موٹر سائیکل سے 10 روپے اور کار سے 20 روپے فی چکر وصول کئے جاتے ہیں۔ جبکہ تمام اتوار بازاروں میں سبسیڈائزڈ ریٹ پر پارکنگ فیس وصول کی جاتی ہے جو کہ سائیکل 2 روپے، موٹر سائیکل 5 روپے اور گاڑی 10 روپے فی چکر ہے۔

(ج) گزشتہ ایک سال سے زائد عرصہ میں لاہور پارکنگ کمپنی کو مندرجہ بالا اسٹینڈز سے اوور چارجنگ کی کوئی شکایت موصول نہیں ہوئی۔

(د) کوئی شکایت موصول نہ ہوئی ہے لہذا کسی ٹھیکیدار کے خلاف کارروائی نہ کی گئی ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 7 فروری 2015)

## ضلع ڈی جی خان میں پارکنگ سٹینڈ سے متعلقہ تفصیلات

**273**: محترمہ نجمہ بیگم: کیا وزیر لوکل گورنمنٹ وکمیونٹی ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) ضلع ڈی جی خان میں لوکل گورنمنٹ کے کل کتنے پارکنگ سٹینڈ منظور شدہ ہیں؟

(ب) کیا یہ بھی درست ہے کہ اکثر ٹھیکیدار پارکنگ سٹینڈ میں لوگوں سے مقررہ فیس سے زیادہ رقم وصول کر رہے ہیں؟

(ج) کیا حکومت ایسے لوگوں کے خلاف کارروائی کرنے کا ارادہ رکھتی ہے تو کب تک؟

(تاریخ وصولی 25 اگست 2014 تاریخ ترسیل 9 ستمبر 2014)

### جواب

### وزیر لوکل گورنمنٹ وکمیونٹی ڈویلپمنٹ

(الف) 1۔ ٹی ایم اے تونسہ شریف میں کوئی پارکنگ سٹینڈ نہ ہے سوائے جنرل بس سٹینڈ کے جس کی اڈا پارکنگ فیس بمطابق شیڈول وصول کی جارہی ہے۔

2۔ ٹی ایم اے ڈیرہ غازی خان نے شہر کے مختلف مقامات پر تعدادی پانچ اسٹینڈ رکشہ جات حسب ضابطہ قائم کیے ہوئے ہیں اور اس سلسلہ میں اسٹینڈ فیس لاگو کر رکھی ہے۔ (i) جنرل اسٹینڈ (ii) اولڈ بس اسٹینڈ (iii) ٹریفک چوک (iv) بلاک نمبر 9 (v) بلاک نمبر 5

3۔ ٹی ایم اے ٹرائیبل ایریا میں کوئی پارکنگ اسٹینڈ نہ ہے۔

(ب) ٹی ایم اے ڈیرہ غازی خان اور تونسہ کے ٹھیکیداران رکشہ اسٹینڈ فیس / اڈا پارکنگ فیس بمطابق شیڈول وصول کر رہے ہیں۔

مقررہ فیس سے زائد وصولی کی کوئی شکایت موصول نہ ہوئی ہے۔

(ج) تحریری شکایت کی صورت میں مقررہ فیس سے زیادہ وصولی پر قانون کے مطابق کارروائی کی جائے گی۔

(تاریخ وصولی جواب 7 فروری 2015)

## ڈی سی او آفس ڈی جی خان میں تعینات ملازمین سے متعلقہ تفصیلات

274: محترمہ نجمہ بیگم: کیا وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) ڈی سی او آفس ڈی جی خان میں کون کون سے ملازمین تعینات کتنے عرصہ سے تعینات ہیں؟

(ب) مذکورہ آفس میں کل کتنی گاڑیاں ہیں اور جن افسران کے زیر استعمال ہیں ان کے نام، عہدہ اور گریڈ بیان کریں؟

(ج) 2012-2014 کے دوران پٹرول اور Maintenance کی مد میں کتنا خرچہ ہوا، سال وائز تفصیل سے آگاہ کریں؟

(د) کیا حکومت ایک ہی جگہ عرصہ دراز سے تعینات ملازمین کو ٹرانسفر کرنے کا ارادہ رکھتی ہے تو کب تک؟

(تاریخ وصولی 25 اگست 2014 تاریخ ترسیل 9 ستمبر 2014)

## جواب موصول نہین ہوا

لاہور | رائے ممتاز حسین بابر

مورخہ 08 فروری 2015 | سیکرٹری

جواب 2501 کا جواب

(الف) بند روڈ کے ارد گرد اس وقت نو (9) منظور شدہ سٹینڈز ہیں جن میں سے سات عدد پرائیویٹ (ڈی کلاس) جبکہ (2) عدد سی کلاس سٹینڈ ہیں ان تمام سٹینڈز پر مسافروں کی سہولت کے لیے انتظار گاہیں، بیت الخلا، پینے کے پانی کی فراہمی اور رات کے اوقات میں روشنی کا انتظام ہونا لازمی ہے اور تمام منظور شدہ اڈوں پر یہ سہولیات بہم میسر ہیں اور آج تک کوئی سٹینڈ سہولیات کی عدم فراہمی کی بناء پر منسوخ نہ کیا گیا ہے جبکہ ان سہولیات کی نگرانی DRTA فیلڈ سٹاف وقتاً فوقتاً اور سیکرٹری DRTA بوقت سالانہ تجدید لازماً کرتے ہیں۔

(ب) پرائیویٹ بس سٹینڈ (ڈی کلاس) کے لئے نہ ہی اڈا فیس مقرر شدہ ہے اور نہ ہی سٹینڈ ہولڈر اڈا فیس وصول کرنے کے مجاز ہیں کیونکہ وہاں سے وہ صرف اپنی کمپنی کی گاڑیاں چلاتے ہیں۔ جبکہ سی کلاس سٹینڈز پر سٹی ڈسٹرکٹ گورنمنٹ لاہور اڈا فیس وصول کرنے کی مجاز ہے۔

(ج) جنرل بس سٹینڈ پر "پہلے آئیے پہلے جائیے" کے اصول کے تحت گاڑیوں کی روانگی کا انتظام ہے جبکہ پرائیویٹ اڈا مالکان اپنے اڈا کی ساکھ کی بہتری کے لئے اور مسافروں کے لیے زیادہ پر کشش سفر کی سہولت کے لئے عموماً اپنی بسیں مقررہ وقتوں پر روانہ کرتے ہیں۔